ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ، وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو یوسی 6 گڈاپ ٹاؤن کی سڑک کا افتتاح کرتے ہوئے

پاکستان کی تعمیر کرنا ہے   اسکو ہمیشہ سربلند رکھنا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ

پریس ریلیز

تاریخ 27/11/2023   حوالہ نمبر TMC/G/INF/0019/23

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ کا کہنا تھا کہ تعمیراتی عمل میں وقت کے ساتھ ساتھ ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تبدیلی آئی ہے سرکاری طور پر بھی اس پر بھی کام کیا جارہا ہے گڈاپ ٹاؤن میں بھی جہاں ہر شعبے میں بہتری آئی ہے وہاں پر ہمارا ادارا بھی اپنی کارکردگی کو جاری رکھتے ہوئے ترقی کے سفر کو کامیابی سے جاری رکھا ہوا ہے میں اپنی ٹیم کے ہمراہ اہلیان گڈاپ کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہوں اس ماڈرن دور میں سڑک کو انفراسٹرکچر کا بنیادی ڈھانچہ کہا جاتا ہے جس کا مطلب وہ ستون ہوتے ہیں جس کے اوپر عمارت کھڑی کی جاتی ہے آج کے دور میں سڑک وہ انفراسٹرکچر ہوتی ہے جس پر ملک کی ترقی کی عمارت تعمیر ہوتی ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوسی نمبر 6 صالح محمد گوٹھ گڈاپ ٹاؤن میں سعید حسن امام روڈ کا افتتاح کرتے ہوئے کیا، وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ گڈاپ ٹاؤن کی عوام کو دور حاضر کے مطابق ہر سہولت فراہم کی جائیں اہل علاقہ کے وہ مسائل جو ہماری ادارے سے وابستہ ہیں ان کو حل کرانے کی کاوشیں کر رہے ہیں اس موقع پر میونسپل کمشنر احمد یار، ڈائریکٹر HRM حاجی شریف شیخ، ڈائریکٹر سینیٹیشن اشرف بلوچ، ڈائریکٹر پرچیز سہیل احمد یار، پی ایس لال جان نبی، یوسی چیئرمین انور بلوچ، اور دیگر بھی موجود تھے۔

جاری کردہ

رضوان صابر

ڈائریکٹر انفارمیشن

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ